ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (363)

مورخہ 05.07.23

## بہاولپور(    )ڈی پی او سید محمد عباس کے احکامات، تھانہ سٹی یزمان پولیس کی کامیاب کارروائی، موٹر سائیکل چوری کی متعدد وارداتوں میں ملوث 02 ملزمان گرفتار۔ ملزمان کے قبضہ سے لاکھوں روپے مالیتی 12 عدد چوری شدہ موٹر سائیکل برآمد۔ معاشرے کے ایسے منفی عناصر کے خلاف مزید کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی، ڈی پی او

تفصیلات کے مطابق آئی جی پنجاب کی جرائم کی سرکوبی کیلئے جاری ہدایات اور ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی سربراہی میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔ تھانہ سٹی یزمان پولیس نے جدید ٹیکنالوجی کا استعمال کرتے ہوئے اسپیشل ٹیم تشکیل دے کر موٹر سائیکل چوری کی متعدد وارداتوں میں ملوث 02 ملزمان نادر حسین اور ریحان ارشاد کو گرفتار کرلیا، جن سے متعدد مقدمات ٹریس ہوے۔ گرفتار ملزمان کے قبضہ سے لاکھوں روپے مالیتی 12 عدد چوری شدہ موٹر سائیکل برآمد کر لئے۔ پولیس نے مختلف مقدمات میں ریکور شدہ موٹر سائیکل مالکان کے حوالے کر دیں۔ ڈی پی او سید محمد عباس نے اس موقع پر کہا کہ شہریوں کا لوٹا ہوا مال جرائم پیشہ افراد سے ریکور کرایا جا رہا ہے تاکہ شہریوں کو زیادہ سے زیادہ ریلیف مہیا کیا جا سکے۔ انہوں نے مزید کہا ایسے مجرموں کو ان کے منطقی انجام تک پہنچایا جائے گا تاکہ دوبارہ ایسے جرائم کرنے کی جرات نہ کرسکیں۔

ترجمان بہاولپور پولیس



بہاولپور: ڈی پی او سید محمد عباس کے احکامات، تھانہ سٹی یزمان پولیس کی کامیاب کارروائی، 10 لاکھ روپے سے زائد مالیت کے چوری شدہ موٹر سائیکل برآمد، ملزمان گرفتار

ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(364)

مورخہ 05.07.2023

**بہاولپور(                    )پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن، گزشتہ روز مختلف کارروائیوں میں 10 ملزمان گرفتار۔گرفتار ملزمان سے بھاری مقدار میں ناجائز اسلحہ، منشیات وشراب برآمد، ملزمان پابند سلاسل۔**

**جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رکھا جائیگا، ڈی پی او سید محمد عباس**

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی طرف سے جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔تھانہ بغدادالجدید، تھانہ مسافرخانہ، تھانہ اوچ شریف اور تھانہ صدر یزمان پولیس نے ناجائز اسلحہ رکھنے والے 04 ملزمان محمد داود، ریحان ارشاد، محمد مظفر اور محمد عدیل کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 02 عدد پسٹل 30 بور، 01 عدد ریوالور 32 بور اور 01 عدد کاربین 12 بور برآمد کرلی۔اسی طرح تھانہ سول لائینز، تھانہ اوچشریف، تھانہ عنائتی اور تھانہ صدر حاصل پور پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف بھرپور کریک ڈان کرتے ہوئے 05 ملزمان غلام سجاد، محمد شاکر عرف کمانڈو، محمد عباس، امتیاز شاہ اور محمد عباس کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 04 کلو 20 گرام چرس برآمد کرلی، جبکہ تھانہ صدر حاصل پور پولیس نے 01 ملزم غلام صابر سے 100 لیٹر دیسی شراب اور 01 چالو بھٹی برآمد کرکے بند حوالات کیا۔گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کرکے تفتیش شروع کردی۔اس موقع پر ڈی پی او سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا کہ جرم جیسا بھی ہو قانون سے کسی صورت بچ نہیں سکتا، شراب اور منشیات ایک لعنت ہے، معاشرے کو ایسے ناسور عناصر سے پاک کرنا پولیس کی اولین ترجیح ہے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاولپور: پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن، گزشتہ روز مختلف کارروائیوں میں ناجائز اسلحہ، منشیات وشراب برآمد، ملزمان گرفتار